# انٹر میڈیٹ پارٹ ٹو اردو اہم سوالات

تحریر: سید لہراسب علی

## خلاصہ جات اسباق

نواب محسن الملک (اہم ترین)

اکبری کی حماقتیں (اہم ترین)

دستک

ہوائی (اہم ترین)

مولانا ظفر علی خان

## اسباق برائے تشریح

ایوب عباسی

ہوئی (اہم ترین)

نواب محسن الملک (اہم ترین)

تشکیل پاکستان

# خلاصہ جات نظم

خدا سر سبز رکھے اس چمن کو مہرباں ہو کر (اہم ترین)

اسلامی مساوات (اہم ترین)

حمد

نعت

سراغ راہرو

# نظم برائے تشریح

حمد (اہم ترین)

نعت

نوجوان سے خطاب (اہم ترین)

آدمی

# غزل برائے تشریح

خواجہ میر درد (اہم ترین)

غلام ہمدانی مصحفی (اہم ترین)

مرزا غالب

اقبال

The Ambitious Educational System
Dream, Believe and Do

# خطوط

چھوٹے بھائی کو بری صحبت سے بچنے اور پڑھائی پر توجہ کے لیے

والد یا والدہ کے نام تعلیمی کارکردگی اور ہاسٹل کے شب و روز سے آگاہ کرنے کے لیے

دوست کی والدہ کے انتقال پر اظہار افسوس کے لیے

دوست کو امتحان میں کامیابی پر مبارک باد کے لیے خط

دوست یا سہیلی جو بیرون ملک ہے اسے اپنے ہم وطنوں کی خدمت کے لیے

دوست کو چھٹیاں اکٹھے گزارنے کی دعوت

خط لکھنے کے لیے درج ذیل پیٹرن کو فالو کریں

## چھوٹے بھائی کے نام پڑھائی کے ساتھ ساتھ کھیلوں میں یا غیر نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی تلقین کا خط

امتحانی مرکز

پیارے بھائی!

السلام علیکم! کل ہی تمہارا گرامی نامہ موصول ہوا جس کو پڑھ کر دل کو تسکین ہوئی۔ تہارا سہ ماہی کا رزلٹ دیکھ کر بے حد خوشی ہوئی کہ تم پوری دل جمعی کے ساتھ پڑھائی میں مصروف ہو اور جس مقصد کے لیے تمہیں ایک اجنبی شہر اور گھر والوں سے دوری اختیار کرنا پڑی اس مقصد سے تم غافل نہیں اور کامیابی کی جانب رواں دواں ہو۔ بس اسی طرح محنت کرتے رہو اور شاندار کامیابیاں تمہارے قدم چومتی رہیں گی۔

تمہارے اس خط سے معلوم ہوتا ہے کہ تم نے اپنے آپ کو صرف اور صرف پڑھائی کے لیے ہی وقف کیا ہوا۔ پڑھائی کے ساتھ ساتھ کسی بھی ہم نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہو۔ عزیز من! پڑھائی کے ساتھ ساتھ صحت جسمانی کا خیال رکھنا بھی ضروری ہے جس کے لیے مختلف کھیلوں میں حصہ لینا لازمی ہے۔ اس بات میں ہر گز شک نہیں کہ ایک طالب علم کے لیے پڑھائی لکھائی ہی اس کا اوڑھنا بچھونا ہے لیکن اس کا یہ بھی ہر گز مطلب نہیں کہ ایک طالب علم ہر وقت کتابی کیڑا بن کر رہ جائے۔

ایک صحت مند دماغ صحت مند جسم میں ہی ہوتا ہے"جان ہے تو جہان ہے"۔اس لیے تمہارے لیے لازم ہے کہ پڑھائی کے ساتھ ساتھ مختلف ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی حصہ لو جیسا کہ صحت مند رہنے کے لیے صبح کی ورزش کرنا لازمی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ تمہیں چاہیے کہ تقریر،بحث ومباحثہ،کوئز،بیت بازی وٗغیرہ میں بھی حصہ لے کر ان میں بھی کامیابی اپنے نام کرو۔ایسی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے سیرت وصورت میں نکھار آتا ہے۔جسم میں توانائی اور رعنائی پیدا ہوتی ہے۔اس کے علاوہ بہت سی صلاحتیں اجاگر ہونے کے ساتھ ساتھ ذہن میں وسعت وکشادگی پیدا ہوتی ہے۔ایسا کرنے سے شخصیت بھی نکھرتی ہے۔اس لیے میرا تہہ دل سے مشورہ ہے کہ پڑھائی سے کچھ وقت نکال کر روز کی بنیاد پر کالج کی ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی حصہ لیا کرو۔مجھے امید ہے کہ تم میری ان باتوں پر عمل بھی کروگے اور آئندہ خط تمہاری زندگی میں خوشگوار تبدیلی کا آئینہ دار ہوگا۔دعا ہے کہ خدا تمہیں علم کی فضیلتوں اور صحت کی بہترین کیفیتوں سے نوازے۔آمین

باقی سب گھر میں خیریت ہے۔میری طرف سے بہت سا پیار،بہن بھائیوں اور امی کی طرف سے دعا وسلام

والسلام

آپ کا بھائی

ا۔ب۔ج

## آپ بیتی

**گلاب کے پھول کی آپ بیتی**

**ایک کتاب کی آپ بیتی**

**ایک کرسی کی آپ بیتی**

**ایک قلم کی آپ بیتی**

**ایک سائیکل کی آپ بیتی**

## مضامین

**تعلیم نسواں/خواتین کا معاشی وسماجی کردار/خواتین کا قومی ترقی میں کردار (اہم)**

پابندی وقت

حب وطن

دہشت گردی / ہمارے قومی مسائل / لوڈشیڈنگ

رحمت اللعالمین / محسن انسانیت (اہم)

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے / اتحاد اسلامی / قومی اتحاد / قومی ہم آہنگی (اہم)

کالج میں پہلا اور آخری دن

ہمارا نظام تعلیم / مخلوط نظام تعلیم

قومی ہیرو / قائد اعظم / علامہ اقبال

محنت کی عظمت

ماحولیاتی آلودگی / ہم اور ہمارا ماحول / گلوبل وارمنگ

سائنس کے کرشمے / سائنس کے فوائد و نقصانات / سائنس رحمت یا زحمت (اہم)

طلباء کا معاشرے میں کردار

The Ambitious Educational System
Dream, Believe and Do

# اہم ترین معروضی سوالات حصہ گرامر

1. دنیا با قاعدگی سے -------

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | پڑھی جاتی ہے | B | پڑھا جاتا ہے | C | پڑھا جائے گا | D | پڑھی جائے گی |

2. مکاتیب غالب" آج ہی بازار میں------

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | آیا ہے | B | آئی ہے | C | آئیں ہیں | D | آئے ہیں |

3. --------------اس نے محنت نہیں کی اس لیے فیل ہو گیا۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | اگر | B | جب | C | چونکہ | D | کیوں کہ |

4. -----------وہ آتا تو میں جاتا۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | اگر | B | جب | C | چونکہ | D | کیونکہ |

5. --------وہ محنت کرتا تو کامیاب ہو جاتا۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | چوں کہ | B | اگر | C | یا | D | جب |

6. ---------کچھ بھی ہو بدلہ ضرور لوں گا۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | اگر | B | چاہے | C | اگرچہ | D | چونکہ |

7. ---------وہ بیمار ہے اس لیے کالج نہ آ سکا۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | چونکہ | B | کیونکہ | C | اگر | D | اگرچہ |

8. -------آگے راستہ بند تھا، اس لیے ہمیں واپس آنا پڑا۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | جب | B | چونکہ | C | کیونکہ | D | جبکہ |

9. اچھا ہے--------برا، دوست تو اپنا ہے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | یا | B | تو | C | پھر | D | اگر |

10. اس کے بہو بیٹے کراچی پہنچ-----------

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | گئے | B | گیا | C | گئیں | D | گئی |

11. اس کے ہوش و ہواس:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | گیا | B | جاتے رہے | C | جاتی رہی | D | جاتا رہا |

12. اس نے گھوڑا گاڑی خرید-------------

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | لیے | B | لیں | C | لی | D | لیا |

13. آپ چائے لیں گے------پانی

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | اور | B | یا | C | پھر | D | تو |

14. آپ کب--------------:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | جائے گا | B | جاؤ گئے | C | جائیں گے | D | جاؤ گے |

15. آپ کے مزاج------------------

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | کس طرح ہیں | B | کیا ہیں | C | کیسے ہیں | D | کیسا ہے |

16. باپ بیٹی خیریت سے گھر پہنچ-----------

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | گیا | B | گئیں | C | گئی | D | گئے |

17. باپ، بھائی، بیٹا کوئی ساتھ نہ------

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | جائے گی | B | جاوے گا | C | جائیں گے | D | جائے گا |

18. بیگم نے فرمایا ہم نہیں آئیں------

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | گئیں | B | گی | C | گے | D | ہیں |

19. پانچ عورتیں بیگم صاحبہ کے ساتھ کوہ حبشہ پر-------

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | گئے تھے | B | گئی تھیں | C | گئیں تھیں | D | گئی تھی |

20. تم آؤ گے------------ نہیں

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | کا | B | کے | C | کی | D | یا |

21. ()علامت ہے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | نفرت کا اظہار کرنا | B | تفصیل بیان کرنا | C | جملوں کو ملانا | D | جملہ معترضہ کی |

22. / یہ علامت ہے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | خط فاصل | B | ختمہ | C | تفصیلیہ | D | سوالیہ |

23. (:)علامت کہلاتی ہے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | رابطہ | B | خط | C | سکتہ | D | وقفہ |

24. اُف---------کتنی گرمی ہے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | "" | B | -- | C | ------------- | D | ! |

25. اٹھنا:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | عامر صبح سویرے اٹھ گیا | B | وہ اٹھ بیٹھا | C | اسلم درد کی شدت سے بلبلا اٹھا | D | آگ تیزی سے بھڑکی |

26. آنا:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | اسلم صبح سویرے آیا | B | اسے سکول چھوڑ آؤ | C | تمھیں میرے گھر ضرور آنا ہے | D | یہاں آؤ |

27. جانا:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | مجھے سکول جانا ہے | B | اب گھر جاؤ | C | اب جاؤ بھی | D | اسلم لاہور چلا گیا |

28. ہونا:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | یہاں ہر روز ایسا ہی ہوتا ہے | B | اس نے بنک سے قرضہ لیا ہوا ہے | C | اسے بخار ہو گیا | D | شام ہو گئی ہے |

29. کرنا:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | تم کیا کر رہے ہو | B | وہ یہاں آیا کرتا تھا | C | تم کمال کرتے ہو | D | تم میرا یہ کام کرنا |

30. کسی چیز کی تفصیل دینے سے پہلے علامت لگائی جاتی ہے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | ندائیہ | B | تفصیلیہ | C | رابطہ | D | واوین |

31۔ جھوٹ بولنے سے شخصیت کا رعب و وقار۔۔۔۔۔۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | جاتے رہتے ہیں | B | جاتی رہتی ہے | C | جاتا رہتا ہے | D | چلے جاتے ہیں |

میں اور علی شاہی مسجد۔۔۔۔۔۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | چلا | B | گئی | C | گیا | D | گئے |

عورتوں نے کہا ہم ابھی۔۔۔۔۔۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | آتی ہے | B | آتا ہے | C | آتے ہیں | D | آتی ہیں |

قلم، دوات، میز پر۔۔۔۔۔۔۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | ہی | B | ہو | C | ہے | D | ہیں |

آپ۔۔۔۔۔۔۔مزاج کیسے ہیں؟

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | کو | B | کے | C | کی | D | کا |

ماں بیٹی واپس چلی۔۔۔۔۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | گیا | B | گئے | C | گئیں | D | گئی |

وہ گھوڑا گاڑی کس---------- ہے

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | کیں | B | کے | C | کی | D | کا |

وہ عورت بڑی-------------ہے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | لڑاکن | B | لڑاکو | C | لڑاکی | D | لڑاکا |

قصص الانبیاء چھپ---------

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | گئیں ہیں | B | گیا ہے | C | گئی ہیں | D | گئے |

قلم دوات کہاں------

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | رکھی ہے | B | رکھا ہے | C | رکھیں ہیں | D | رکھے ہیں |

ادبی دنیا بند ہو--------ہے

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | چکے | B | چکیں | C | چکا | D | چکی |

------اس نے محنت نہ کی تو فیل ہو جائے گا۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | اگر | B | لیکن | C | کیونکہ | D | مگر |

امجد نے قلم، کتاب اور کاپیاں--------

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | خریدے | B | خریدیں | C | خریدا | D | خریدی |

اس کے ہوش و حواس------

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | جاتی رہیں | B | جاتا رہا | C | جاتے رہے | D | جاتی رہی |

مرض بڑھتا گیا------دوا کی۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | توں توں | B | جوں جوں | C | جب جب | D | جیسے جیسے |

ماموں بھانجا-----------

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | لڑپڑیں | B | لڑپڑو | C | لڑپڑے | D | لڑپڑا |

صبح خیزی میرا معمول------

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | تھے | B | تھی | C | تھیں | D | تھا |

The Ambitious Educational System
Dream, Believe and Do

آپ کا حکم سر۔۔۔۔۔۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | ٹانگوں پر | B | ناک پر | C | آنکھوں پر | D | ماتھے پر |

جب بھی مانگو۔۔۔۔۔۔خدا سے مانگو۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | اور | B | تو | C | صرف | D | سو |

**نوٹ:** **گرامر کے لیے سابقہ پیپرز سے تیاری کریں۔**

## یہ پریکٹس ٹیسٹس لازمی تیار کریں

### ٹیسٹ 1

1۔ عمر بن عبد العزیز کو خاندان میں سب سے زیادہ محبت تھی؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)ولید سے | ب)ابن ہشام سے | ج)ابن سلیمان سے | د)مسلمہ سے |

2۔ عمر بن عبد العزیز نے وفات کے وقت کتنی رقم چھوڑی؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)ستر دینار | ب)ستر درہم | ج)سترہ دینار | د)سترہ درہم |

3۔ عمر بن عبد العزیز نے اپنے مقبرے کے لیے زمین خریدی؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)یہودی سے | ب)عیسائی سے | ج)مسلمان سے | د)ہندو سے |

4۔ خاندان بنو امیہ کا دست و باز تھا؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)ولید بن عبد الملک | ب)مسلمہ بن عبد الملک | ج)ابن سلیمان | د)ابن ہشام |

5۔ رابطہ کی علامت ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)" " | ب): | ج):۔ | د)() |

6۔ ؛؛اوقاف" کے معانی ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)نشان یا علامت | ب)ٹھہرنا | ج)اشارہ کرنا | د)ادھار لینا |

7۔ سر سید کی وفات کے بعد علی گڑھ کالج کا سیکرٹری کسے بنایا گیا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)الطاف حسین حالی | ب)نواب محسن الملک | ج)نذیر احمد دہلوی | د)نواب وقار الملک |

8۔ نواب محسن الملک نے حیدر آباد کا بجٹ بنایا تھا نمونے پر:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)برطانیہ کے | ب)ہندوستان کے | ج)مصر کے | د)عراق کے |

9۔ آنا

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)آجاؤ | ب)ہم بہت دور نکل آئے ہیں | ج)تم کب آئے | د)اخبار ابھی آیا ہے |

10۔ بیٹھنا

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)آرام سے بیٹھو | ب)کہاں بیٹھوں؟ | ج)میں اس کے پاس بیٹھ گیا | د)میں غلطی کر بیٹھا |

11۔ پانا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)اس نے اپنا کیا پایا | ب)جو مانگا وہ پایا | ج)سب کھو دیا جو پایا | د)میں بمشکل اس سے مل پایا |

12۔ اسباب بغاوتِ ہند کس کی تصنیف ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)نذیر احمد | ب)سر سید احمد خاں | ج)مولانا حالی | د)حسرت موہانی |

13۔ اورنگزیب کی وفات کے بعد ہندوستان میں اسلامی حکومت قائم رہی:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)پچاس سال | ب)سو سال | ج)ڈیڑھ سو سال | د)دو سو سال |

14۔ فرائضی تحریک نے کس علاقے میں جنم لیا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)بنگال | ب)دکن | ج)اڑیسہ | د)بہار |

15۔ آل انڈیا مسلم لیگ قائم ہوئی:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)1910ء | ب)1906ء | ج)1899ء | د)1911ء |

16۔ سید احمد بریلوی شہید ہوئے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)پٹھانکوٹ میں | ب)سیالکوٹ میں | ج)بالاکوٹ میں | د)پشاور میں |

17۔ علی گڑھ کو یونیورسٹی کا درجہ کب ملا؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)1906ء | ب)1920ء | ج)1918ء | د)1921ء |

18۔ آنا

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)یہاں آؤ | ب)تمھیں میرے گھر ضرور آنا ہے | ج)اسے سکول چھوڑ آؤ | د)اسلم صبح سویرے آیا |

19۔ پڑنا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)غم نہ کر زندگی پڑی ہے ابھی | ب)اب آپ کو مجھ سے پالا پڑا ہے | ج)معمولی بات سے وہ میری نظروں سے گر گیا۔ | د)قدم رکھتے ہی وہ زمین پر گر پڑا |

20۔ سوالیہ کی تعریف ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)فقرے کی تکمیل | ب)جواب دینا | ج)سوال پوچھنا | د)مکمل ٹھہراؤ |

**2۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کریں نیز نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔10**

| | |
|---|---|
| رونما کب ہوگا راہ زیست پر منزل کا چاند | ختم کب ہوگا اندھیروں کا سفر، خیر البشر ﷺ |
| کب ملے گا ملت بیضا کو پھر اوج کمال | کب شب حالات کی ہوگی سحر، خیر البشر ﷺ |

3۔درج ذیل اشعار کی تشریح کریں اور شاعر کا نام لکھیں۔10

| | |
|---|---|
| جو کچھ کہ ہم نے کی ہے تمنا، ملی مگر | یہ آرزو رہی ہے کہ کچھ آرزو نہ ہو |
| جوں شمع جمع ہوویں گر اہل زبان ہزار | آپس میں چاہیے کہ کبھی گفتگو نہ ہو |
| جوں صبح، چاک سینہ مرا، اے رفوگراں! | یاں تو کسو کے ہاتھ سے ہر گز رفو نہ ہو |

4۔نظم خدا سر سبز رکھے اس چمن کو مہرباں ہو کر کا خلاصہ تحریر کریں۔5

5۔سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔ نیز سبق اور مصنف کا نام بھی لکھیں۔15

الف) سر سید نے قدامت پسند مسلمانوں کو نئے زمانے کی ضروریات سے آگاہ کیا اور ہزار وقتوں سے ان کو نئے علوم کے حصول اور نئی حکومت سے تعاون پر آمادہ کیا۔ اپنی مذہبی تصانیف اور تہذیب الاخلاق کے اجرا سے انھوں نے ثابت کر دکھایا کہ اسلام عقل کے اصولوں پر مبنی ہے۔

ب) انسان جب ہر طرف سے مایوس ہو جاتا ہے تو مذہب کی پناہ ڈھونڈتا ہے۔ مسلمان دولت واقبال، جاہ وثروت سب کھو چکے تھے، ایک مذہب رہ گیا تھا، اس لیے انھیں اور بھی عزیز ہو گیا۔ ذرا سی بدگمانی پر بھی ان کے جذبات بھڑک اٹھتے تھے۔ اس وقت شاید ہی کوئی ایسا مصنف یا ادیب ہو جس نے مذہب پر قلم فرسائی نہ کی ہو۔ یہاں تک کہ لوگ جنھیں مسلمان نیچری کہتے تھے اور اپنے خیال میں بد مذہب وبد عقیدہ سمجھتے تھے، ان کا اوڑھنا بچھونا بھی مذہب تھا۔

6۔نصابی سبق مناقب عمر بن عبدالعزیز کا خلاصہ تحریر کریں۔ نیز مصنف کا نام لکھیں۔10

7۔والد کے نام اپنی تعلیمی کارکردگی کا احوال بتانے کے لیے ایک خط تحریر کریں۔10

8۔درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون تحریر کریں:20

الف) موجودہ ماحولیاتی مسائل، ان کی وجوہات اور سدباب (ب) سائنس کے فوائد ونقصانات

## ٹیسٹ 2

Dream, Believe and Do

1۔افلاس ایسی بری بلا انسان کو کیا کر دیتی ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف) بے کس اور بے بس | ب) کمزور | ج) بزدل | د) نکما |

2۔خسرو آرام بادشاہ تھا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف) بڑا ظالم | ب) فرشتہ سیرت | ج) بے وقوف | د) چالاک |

3۔آنا

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف) آپ کن آئیں گے | ب) میں آپ کی بیماری کا سن کر چلا آیا | ج) دیر ہو رہی ہے جلدی آؤ | د) جاوید صاحب نے شام کی گاڑی ست |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | آنا ہے |

4۔ چاہتا

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف) بارش آیا چاہتی ہے | ب) رضوان نے وہی کیا جو چاہا | ج) عزت مآب! مجھے انصاف چاہیے | د) آپ چاہتے کیا ہیں؟ |

5۔ اکبری کے شوہر کا نام تھا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف) محمد کامل | ب) محمد عاقل | ج) محمد فاضل | د) محمد عادل |

6۔ مزاج دار بہو سے مراد کہانی کا کونسا کردار ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف) زلفن | ب) اکبری | ج) حجن | د) اصغری |

7۔ ــــــــــ اس نے محنت نہیں کی اس لیے فیل ہو گیا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف) کیوں کہ | ب) چونکہ | ج) مگر | د) اگرچہ |

8۔ ـــــــ وہ آتا تو میں جاتا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف) کیونکہ | ب) چونکہ | ج) جب | د) اگر |

9۔ اس کے ہوش و حواس:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف) جاتے رہے | ب) جاتی رہی | ج) جاتی رہیں | د) جاتی ہیں |

10۔ اس نے گھوڑا گاڑی خرید:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف) لیا | ب) لی | ج) لیں | د) لیے |

11۔ پہلی فتح کے مصنف کا نام ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف) شاہد احمد دہلوی | ب) نسیم حجازی | ج) میاں بشیر احمد | د) شوکت صدیقی |

12۔ محمد بن قاسم کا جلوس کس شہر سے روانہ ہوا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف) دمشق | ب) کوفہ | ج) بصرہ | د) بغداد |

13۔ حجاج بن یوسف کو خط لکھا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف) زبیدہ نے | ب) ناہیدہ نے | ج) ام کلثوم نے | د) آمنہ نے |

14۔ سبق پہلی فتح کس کتاب سے لیا گیا ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف) پس پردہ | ب) مردم دیدہ | ج) دھنک پر قدم | د) محمد بن قاسم |

15۔ محمد بن قاسم نے بصرے میں کتنے دن قیام کیا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف) دو | ب) تین | ج) چار | د) پانچ |

16۔ دیبل سے کتنے نوجوان بھاگ کر جان بچانے میں کامیاب ہوئے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف) دو | ب) دس | ج) بیس | د) پانچ |

17۔ میاں بیوی ہنسی خوشی ـــــ

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف) رہتی ہے | ب) رہتا ہے | ج) رہتے ہیں | د) رہتی تھیں |

18۔ ہجوم نعرے ـــ

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)مار رہا ہے | ب)لگا رہا ہے | ج)لگا رہے ہیں | د)مار رہے ہیں |

19۔"ادبی دنیا" بند ہو۔۔۔۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف) چکے ہیں | ب)چکا ہے | ج)چکی ہے | د) چکے ہوئے ہیں |

20۔مال، دولت، جائیداد کچھ نہ۔۔۔۔۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)رہا | ب)رہی | ج)رہے | د)رہو |

**سوال نمبر2: درج ذیل اشعار کی تشریح کریں اور نظم کا عنوان اور شاعر کا نام لکھیں۔10**

| | |
|---|---|
| نہ مظلوم کی آہ وزاری سے ڈرنا | نہ مفلوک کے حال پر رحم کرنا |
| ہوا و ہوس میں خودی سے گزرنا | تعیش میں جینا، نمائش پہ مرنا |

**سوال نمبر3: درج ذیل اشعار کی تشریح کریں نیز شاعر کا نام لکھیں۔10**

| | |
|---|---|
| وہ اپنی خو نہ چھوڑیں گے، ہم اپنی وضع کیوں بدلیں | سبک سر بن کے کیا پوچھیں کہ ہم سے سر گراں کیوں ہو |
| یہ فتنہ آدمی کی خانہ ویرانی کو کیا کم ہے | ہوئے تم دوست جس کے، دشمن اس کا آسماں کیوں ہو |
| یہی ہے آزمانا تو ستانا کس کو کہتے ہیں | عدو کے ہو لیے جب تم تو میرا امتحاں کیوں ہو |

**سوال نمبر4: نصابی سبق پہلی فتح کا خلاصہ تحریر کریں۔10**

سوال نمبر5: نظم سراغ راہرو کا خلاصہ لکھیں۔

سوال نمبر6: بے روزگاری کے موضوع پر ایک مضمون تحریر کریں۔

سوال نمبر7: والد کے نام کتب خریدنے کے پیسوں کے لیے خط تحریر کریں۔

**سوال نمبر8: سیاق وسباق کے لحاظ سے کسی ایک جزو کی تشریح کریں۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیں۔**

الف) دامن کوہ میں دیکھا کہ ایک نوجوان قوی ہیکل کھڑا ہے۔ چہرا اس کا ہوا سے جھریایا ہوا، دھوپ سے تمتمایا ہوا۔ مشقت کی ریاضت سے بدن اینٹھا ہوا، پسلیاں ابھری ہوئیں ایک ہاتھ میں کچھ کھیتی کا سامان ایک ہاتھ میں معماری کے اوزار لیے ہانپ رہا ہے۔

ب) طمع ایسی چیز ہے کہ بڑا سیانا آدمی بھی دھوکا کھا جاتا ہے۔ جنگلی جانور، مینا طوطا، لال، بلبل آدمی کی شکل سے بھاگتے ہیں لیکن دانے کی طمع سے جال میں پھنس جاتے ہیں اور زندگی بھر قفس قید میں رہتے ہیں۔

**ٹیسٹ3**

1۔ سبق دستک کے مصنف ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)سید امتیاز علی تاج | ب)ابن انشاء | ج)مرزا ادیب | د)نسیم حجازی |

2۔ سبق دستک کا تعلق کس ادبی صنف سے ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)افسانہ | ب)ڈراما | ج)ناول | د)داستان |

3۔ دستک کے کل کتنے کردار ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)دو | ب)تین | ج)چار | د)پانچ |

4۔ ڈاکٹر زیدی نے کون سا کوٹ پہن رکھا تھا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)برساتی | ب)فوجی | ج)پیٹی | د)اوور کوٹ |

5۔ ڈاکٹر زیدی کو بار بار سنائی دینے والی دستک کیا ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)وہم | ب)خواب | ج)ضمیر کی دستک | د)خیال |

6۔ سبق ہوائی کس نے لکھا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)ریاض الدین | ب)سلیم اختر | ج)میاں بشیر احمد | د)بیگم اختر ریاض الدین |

7۔ سبق ہوائی صنف ادب ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)افسانہ | ب)سفر نامہ | ج)ڈرامہ | د)ناول |

8۔ ہوائی میں کس ملک کی حکومت نے ایک عظیم الشان مرکز کھولا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)جنوبی افریقہ | ب)فرانس | ج)امریکہ | د)برطانیہ |

9۔ ہوائی کے دالحکومت کا نام ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)ٹوکیو | ب)شنگھائی | ج)کلکتہ | د)ہونولولو |

10۔ سچ ہے--------لالچ بری بلا ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف): | ب)! | ج)؛ | د)، |

11۔ مولانا ظفر علی خان کے مشہور اخبار کا کیا نام تھا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)کوہستان | ب)زمیندار | ج)جنگ | د)نوائے وقت |

12۔ سبق "مولانا ظفر علی خاں کے مصنف نے لاہور میں کس اخبار کے دفتر میں قیام کیا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)نوائے وقت | ب)خبریں | ج)زمیندار | د)جنگ |

13۔ مولانا جب تک دفتر میں رہتے تھے بڑی-----رہتی تھی:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)چہل پہل | ب)خاموشی | ج)افسردگی | د)رونق |

14۔ ہونا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)کیا ہوا؟ | ب)ہم سے کچھ نہ ہو سکا | ج)اس سے بات نہیں ہوئی | د)پھول کھلا ہوا ہے |

15۔ نکلنا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)وہ شام کے بعد آنکلا | ب)ابھی سورج نہیں نکلا | ج)اسے کالج سے نکال دیا | د)تم گھر سے باہر نکل جاؤ |

16۔بحوالہ سبق قرطبہ کا قاضی،زبیر نے کس کو قتل کیا تھا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)دوست | ب)رقیب | ج)چچازاد | د)ماموں زاد |

17۔ قاضی یحییٰ بن منصور کے بیٹے کا کیا نام تھا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)زبیر | ب)حامد | ج)ہارون | د)ظفر |

18۔الٰہی آج کا۔۔۔۔یہ کیا دیکھ رہا ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)موسم | ب)دن | ج)آفتاب | د)انسان |

19۔قرطبہ کا قاضی کہاں رہتا تھا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)اشبیلہ میں | ب)بغداد میں | ج)اسکندریہ میں | د)غرناطہ میں |

20۔زبیر کو کس نے پھانسی دی:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)جلاد نے | ب)اس کے باپ نے | ج)عبداللہ نے | د)فوج نے |

**سوال نمبر2:درج ذیل اشعار کی تشریح کریں نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔10**

| | |
|---|---|
| شمس و قمر کو ضد ہے کہ گرم سفر رہیں | بے رنگیوں میں خالق شام و سحر رہیں |
| شہروں میں انقلاب، بیاباں میں انقلاب | محفل میں انقلاب، شبستاں میں انقلاب |

**سوال نمبر3:درج ذیل اشعار کی تشریح کریں اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔10**

| | |
|---|---|
| صنم کدہ ہے جہاں اور مرد حق ہے خلیل | یہ نکتہ وہ ہے کہ پوشیدہ لاالہ میں ہے |
| وہی جہاں ہے ترا جس کو تو کرے پیدا | یہ سنگ و خشت نہیں جو تری نگاہ میں ہے |
| مہ و ستارا سے آگے مقام ہے جس کا | وہ مشت خاک ابھی آوارگان راہ میں ہے |

**سوال نمبر4:سیاق و سباق کے حوالہ سے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کریں۔15**

**الف)** اصل میں مولانا کو اخبار کی زبان اور کتابت کی صحت کا بڑا خیال رہتا تھا کاتبوں کی جان الگ آفت میں، ایڈیٹر الگ مصیبت میں مبتلا۔ جب تک مولانا دفتر میں غل غپاڑا مچا ہوا ہے۔ جوں ہی کاپی پر نظر پڑی تو شور مچ گیا ارے یہ کیا کیا؟ یہ عبارت تو بالکل مہمل ہے اس مراسلے کی تصحیح نہیں ہوئی یوں ہی کاتب کو دے دیا گیا۔

ب) میری بوڑھی زبان سے اللہ تعالیٰ کا عفو و رحم کئی بار بولا لیکن ہر بار اس نے سننے والے کانوں کو بہرا پایا۔ پر اب کی بار میری التجا سن لیجیے یا ہمیشہ کے لیے خاموش کر دیجیے میرے حضور یہ وہ بدنصیب بول رہی ہے جس نے مجرم کی ماں کے اٹھ جانے کے بعد اولاد کی طرح اسے کلیجے سے لگایا میرے حضور خود آپ نے اسے مجھے دے ڈالا تھا۔

**سوال نمبر5:کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں:20**

الف)حب وطن (ب)مسئلہ کشمیر (ج)مہنگائی

**سوال نمبر6:** دوست کو بیرون ملک سے بلا کر اپنے ملک میں خدمت کرنے کی تلقین کے لیے ایک خط لکھیں۔10

**سوال نمبر7:** نصابی سبق دستک کا خلاصہ لکھیں اور مصنف کا نام بھی لکھیں۔10

**سوال نمبر8:** نظم ایک کوہستانی سفر کے دوران میں کا خلاصہ لکھیں۔5

## ٹیسٹ4

1۔ڈاک کے لیے مسلمانوں نے جو جداگانہ محکمہ قائم کیا اس کا نام تھا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)دیوان البرید | ب)دیوان العرض | ج)تیز گام | د)تیز رفتار |

2۔ سبق مواصلات کے ذرائع کے مصنف ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی | ب)ڈاکٹر حفیظ الرحمن | ج)بیگم اختر ریاض الدین | د)حسن نظامی |

3۔کس ہندوستانی حکمران نے پیغام رسانی کے لیے کبوتروں کو استعمال کیا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)سکندر لودھی | ب)بلبن | ج)جہانگیر | د)شاہ عالم ثانی |

4۔وائرلیس کس نے ایجاد کی:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)ایڈیسن | ب)سٹیفن | ج)نیوٹن | د)مارکونی |

5۔کلیات مجید امجد چھپ

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)گئے | ب)گیا | ج)گئی | د)گئیں |

6۔مولوی نذیر احمد کے لیے کونسا خطاب تجویز ہوا جو انہوں نے قبول نہ کیا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)صلابت جنگ | ب)صفدر جنگ | ج)تہور جنگ | د)غیور جنگ |

7۔ سبق مولوی نذیر احمد دہلوی کے مصنف کا نام ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)ابن انشا | ب)مشتاق یوسفی | ج)شاہد احمد | د)فرحت اللہ |

8۔گھر عورت کی سلطنت۔۔۔۔۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)ہوتی ہے | ب)ہوتی ہیں | ج)ہوتے ہیں | د)ہوتا ہے |

9۔شاہد احمد دہلوی نے مولوی نذیر احمد کو آخری بار دیکھا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)دو سال کی عمر میں | ب)تین سال کی عمر میں | ج)چار سال کی عمر میں | د)پانچ سال کی عمر میں |

10۔نصابی سبق مولوی نذیر احمد ادب کی کون سی صنف ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)افسانہ | ب)خاکہ | ج)انشائیہ | د)مضمون |

11۔افغانستان میں چھوٹی سی ریلوے لائن کس نے بچھائی تھی:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)ببرک کرمل نے | ب)بچہ سقہ نے | ج)فراز احمد نے | د)امان اللہ خان نے |

12۔ڈاکٹر گلبرگ کا تعلق تھا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)برطانیہ سے | ب)ڈنمارک سے | ج)فرانس سے | د)امریکہ سے |

13۔اس کے بہو بیٹے کراچی پہنچ

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)گئی | ب)گئیں | ج)گیا | د)گئے |

14۔باپ،بھائی،بیٹا کوئی ساتھ نہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)جائے گا | ب)جائیں گے | ج)جاوے گا | د)جائے گی |

15۔بیگم نے فرمایا ہم نہیں آئیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)ہیں | ب)گے | ج)گی | د)گئیں |

16۔سبق ایوب عباسی کے مصنف ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)مولانا حالی | ب)رشید احمد صدیقی | ج)شاہ احمد دہلوی | د)مولوی نذیر احمد |

17۔آنا

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)آجاؤ | ب)ہم بہت دور نکل آئے ہیں | ج)تم کب آئے | د)اخبار ابھی آیا ہے |

18۔بیٹھنا

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)آرام سے بیٹھو | ب)کہاں بیٹھوں؟ | ج)میں اس کے پاس بیٹھ گیا | د)میں غلطی کر بیٹھا |

19۔پانا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)اس نے اپنا کیا پایا | ب)جو مانگا وہ پایا | ج)سب کھو دیا جو پایا | د)میں بشکل اس سے مل پایا |

20۔۔۔۔۔۔۔کچھ بھی ہو بدلہ ضرور لوں گا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)چونکہ | ب)اگرچہ | ج)چاہے | د)اگر |

**سوال نمبر2:درج ذیل اشعار کی تشریح کریں نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔10**

| | |
|---|---|
| یہ پہلا سبق تھا کتاب ہدٰی کا | کہ ہے ساری مخلوق کنبہ خدا کا |
| وہی دوست ہے خالق دوسرا کا | خلائق سے ہے جس کو رشتہ ولا کا |

**سوال نمبر3:درج ذیل اشعار کی تشریح کریں اور شاعر کا نام لکھیں۔10**

| | |
|---|---|
| رونے سے کام بس کہ سب اے ہم نشیں رہا | انکھوں پہ کھینچتا میں، سر آستیں رہا |
| نازک مزاج تھا میں بہت اس چمن کے بیچ | جب تک رہا تو خندہ گل سے حزیں رہا |
| ہمدم جو دیکھتا ہوں تو پہلو میں دل نہیں | بیٹھا تھا اس کے پاس، میرا دل وہیں رہا |

**سوال نمبر4:سیاق وسباق کے حوالہ سے کسی ایک جزو کی تشریح کریں۔15**

الف)ہم سب کی زندگیوں میں مرحوم کے گھل مل جانے کا راز یہ تھا کہ ان میں بظاہر کوئی بات غیر معمولی نہ تھی۔وہ غیر معمولی قابلیت کے آدمی نہ تھے،دولت مند نہ تھے،کچھ بہت ذہین بھی نہ تھے نہ انہیں توڑ جوڑ آتا تھا،نہ خوش پاشاک،نہ خوش گفتار،نہ خوش باش،نہ رنگین ورعنا،وہ معمولی آدمیوں سے بھی زیادہ معمولی تھے پھر بھی وہ ایسے تھے کہ اب ہم میں ویسا کوئی اور نہ اب ڈھونڈے سے بھی کوئی ایسا نہ ملے۔

Dream, Believe and Do

ب)ڈاکٹر گلبرگ مہم جو آدمی ہیں برسوں وہ گرین لینڈ جا کر اسکیموں کے ساتھ رہے۔ ان کی زبان اور معاشرت اختیار کی۔ انھی کا سا بے نمک کھانا کھاتے رہے۔ یہی مچھلی، ریچھ کا گوشت وغیرہ، برف کے جھونپڑوں میں قیام کیا اور پھر یہ کتاب لکھی اب میاں بی بی ایشیا اور مشرق بعید کے دورے پر نکلے تھے۔ کینیا، ہندوستان، تھائی لینڈ اور نیپال ہوتے ہوئے پاکستان آئے تھے۔ اب کابل اور تہران ہو کر وطن واپسی کا پروگرام تھا۔

**سوال نمبر5: درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں۔20**

الف)لوح بھی تو، قلم بھی تو (ب)مخلوط نظام تعلیم (ج)ملت اسلامی کا بکھر تا شیرازہ

**سوال نمبر6:** نصابی سبق مولوی نذیر احمد دہلوی کا خلاصہ لکھیں اور مصنف کا نام لکھیں۔10

**سوال نمبر7: نظم حمد کا خلاصہ لکھیں۔5**

**سوال نمبر7:** سبق مواصلات کے جدیز ذرائع کا خلاصہ لکھیں۔10

**ٹیسٹ5**

1۔ علامہ ابن جوزی کی وجہ شہرت ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)مورخ | ب)مصور | ج)محدث | د)مفسر |

2۔ مسلم لیگ قائم ہوئی:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)1904 | ب)1884 | ج)1906 | د)1911 |

3۔ محنت پسند خردمند کو کس کا شاگرد بتایا گیا ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)کمال کا | ب)محنت کا | ج)ہنر کا | د)غرور کا |

4۔ مزاج دار بہو سے مراد کہانی کا کون سا کردار ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)زلفن | ب)اکبری | ج)حجن | د)اصغری |

5۔ دستک کا تعلق صنف کی کس قسم سے ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)افسانہ | ب)ناول | ج)داستان | د)ڈراما |

6۔ رابطہ کی علامت ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)" " | ب): | ج):۔ | د)() |

7۔ ؛؛اوقاف" کے معانی ہیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)نشان یا علامت | ب)ٹھہرنا | ج)اشارہ کرنا | د)ادھار لینا |

8۔ / یہ علامت ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)سوالیہ | ب)تفصیلیہ | ج)ختمہ | د)خط فاصل |

9۔سوالیہ کی تعریف ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)فقرے کی تکمیل | ب)جواب دینا | ج)سوال پوچھنا | د)مکمل ٹھہراؤ |

10۔اُف-----کتنی گرمی ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)! | ب)؟ | ج)---- | د)"" |

11۔آنا

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)آجاؤ | ب)ہم بہت دور نکل آئے ہیں | ج)تم کب آئے | د)اخبار ابھی آیا ہے |

12۔بیٹھنا

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)آرام سے بیٹھو | ب)کہاں بیٹھوں؟ | ج)میں اس کے پاس بیٹھ گیا | د)میں غلطی کر بیٹھا |

13۔پانا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)اس نے اپنا کیا پایا | ب)جو مانگا وہ پایا | ج)سب کھو دیا جو پایا | د)میں بمشکل اس سے مل پایا |

14۔چاہتا

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)بارش آیا چاہتی ہے | ب)رضوان نے وہی کیا جو چاہا | ج)عزت مآب! مجھے انصاف چاہیے | د)آپ چاہتے کیا ہیں؟ |

15۔لگنا

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)مجھے اس کا رویہ برا لگا | ب)جہاز کنارے جا لگا | ج)مجھے بھوک لگی ہے | د)نادان ہے اسے سیدھی راہ پر لگانا ہے |

16۔-------کچھ بھی ہو بدلہ ضرور لوں گا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)چونکہ | ب)اگرچہ | ج)چاہے | د)اگر |

17۔اچھا ہے------برا، دوست تو اپنا ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)اگر | ب)پھر | ج)تو | د)یا |

18۔اس کے ہوش وحواس:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)جاتے رہے | ب)جاتی رہی | ج)جاتی رہیں | د)جاتی ہیں |

19۔اس نے گھوڑا گاڑی خرید:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)لیا | ب)لی | ج)لیں | د)لیے |

20۔پانچ عورتیں بیگم صاحبہ کے ساتھ کوہ حبشہ پر-----:

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف)گئی تھیں | ب)گئیں تھیں | ج)گئی تھی | د)گئے تھے |

**سوال نمبر2:نصابی سبق نواب محسن الملک کا خلاصہ لکھیں نیز مصنف کا نام بھی لکھیں۔10=1+9**

**سوال نمبر3:نظم خدا سرسبز رکھے اس چمن کو مہربان ہو کر کا خلاصہ لکھیں۔5**

**سوال نمبر4:سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کریں۔15**

الف)عالم کا رنگ بے رنگ دیکھ کر تدبیر اور مشورہ دو تجربہ کار دنیا سے کنارہ کش ہو گئے اور ایک سیب کے درخت میں جھولا ڈالے الگ الگ باغ میں جھولا کرتے تھے، البتہ جو صاحب ضرورت ان کے پاس جاتا، اسے اصلاح مناسب بتا دیا کرتے تھے۔ یہ سب مل کر ان کے پاس گئے کہ برائے خدا کوئی ایسی راہ نکالیے جس سے احتیاج و افلاس کی بلا سے بندگان خدا کو نجات ہو۔

ب) مسلمانوں کا نصب العین اسلام ہے وہ اسلام جس کا ڈنکا مطلق العنان بادشاہوں اور خود غرض امرانے بجایا بلکہ وہ اسلام جس کا حامل قرآن ہے جس نے ان دیکھے خدا کے آگے سر جھکانا سکھایا وہ اسلام جس کا نمونہ آنحضرت ﷺ اور خلفائے راشدین کے عہد میں مسلمانوں کی زندگیوں میں نظر آتا ہے۔

**سوال نمبر5:درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی لکھیں10=1+1+4+4**

| | |
|---|---|
| یہ پہلا سبق تھا کتاب ہدیٰ کا | کہ ہے ساری مخلوق کنبہ خدا کا |
| وہی دوست ہے خالق دوسرا کا | خلائق سے ہے جس کو رشتہ ولا کا |

**سوال نمبر6:درج ذیل اشعار کی تشریح کریں نیز شاعر کا نام بھی لکھیں۔10-1+3+3+3**

| | |
|---|---|
| بے ہنر دشمنی اہل ہنر سے، آکر | منہ پہ چڑھتے تو ہیں، پر جی سے اتر جاتے ہیں |
| ہم کسی راہ سے واقف نہیں، جوں نور نظر | رہنما تو ہی تو ہوتا ہے، جدھر جاتے ہیں |
| آہ!معلوم نہیں، ساتھ سے اپنے شب و روز | لوگ جاتے ہیں چلے، سو یہ کدھر جاتے ہیں۔ |

**سوال نمبر7:اپنے دوست / سہیلی کو شادی کی مبارک باد دینے کے لیے ایک خط لکھیں۔10**

**سوال نمبر8:کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں:20**

الف) محسن انسانیت ﷺ (ب) گداگری-بطور پیشہ (ج) افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر

Dream, Believe and Do